Roll No.________________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

| Paper Code | 5 | 3 | 7 | 1 |
|---|---|---|---|---|

# اُردُو ادب (معروضی)

وقت:20 منٹ

کل نمبر:15

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیئے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جز A,B,C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مار کر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1-1. غزل کے آخری شعر کو کہتے ہیں۔
(A) مقطع (B) مطلع (C) ردیف (D) قافیہ

2. سیّد ضمیر جعفری پیدا ہوئے۔
(A) راولپنڈی میں (B) جہلم میں (C) لاہور میں (D) کراچی میں

3. 1969ء میں ایک تعلیمی کمیشن کس کی سربراہی میں بنا؟
(A) ایوب خان (B) یحییٰ خان (C) نور خان (D) اصغر خان

4. ذوقؔ تخلّص تھا۔
(A) مومن کا (B) آتش کا (C) فیض کا (D) محمد ابراہیم کا

5. ''نیرنگ خیال'' تصنیف ہے۔
(A) محمد حسین آزاد کی (B) ابن انشا کی (C) غالب کی (D) علامہ اقبال کی

6. ''مقدمہ شعر و شاعری'' تصنیف ہے
(A) ابن انشا کی (B) حالی کی (C) میر امن کی (D) غالب کی

7. مرزا ادیب کا اصل نام تھا۔
(A) احمد علی (B) باقر علی (C) دلاور علی (D) شیر علی

8. ماشاءاللہ بڑا پیارا _____ بچہ ہے۔(مکمل کریں)۔
(A) لائق (B) ذہین (C) فرماں بردار (D) ہونہار

9. حمد ''عبادت صبح'' کے شاعر ہیں۔
(A) مولانا ظفر علی خان (B) اقبال (C) غالب (D) میر حسن

10. اُردُو کے پہلے ناول نگار تھے۔
(A) میر امن (B) مولانا نذیر احمد (C) پریم چند (D) آغا حشر

11. ابن انشا کا اصل نام تھا۔
(A) دلاور علی (B) مشتاق محمد (C) شیر محمد (D) علی محمد

12. ڈرامہ رستم و سہراب لکھا ہے
(A) ابن انشا نے (B) مولانا نذیر احمد نے (C) خدیجہ مستور نے (D) آغا حشر نے

13. شکوہ، جوابِ شکوہ کس نے لکھی ہیں۔
(A) علامہ اقبال نے (B) قائداعظم نے (C) لیاقت علی خان نے (D) غالب نے

14. مادے کی کتنی اقسام ہیں؟
(A) ایک (B) تین (C) چار (D) دو

15. سبق ''کاہلی'' کس نے لکھا؟
(A) پریم چند نے (B) آغا حشر نے (C) سرسیّد احمد خان نے (D) غلام عباس نے

Roll No.__________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

| Subject Code | 5 | 0 | 3 | 7 |
|---|---|---|---|---|

# اُردُو ادب (انشائیہ)

وقت: 2:10 گھنٹے

کل نمبر: 60

**2.** درج ذیل اشعار کی تشریح کریں۔ 10

(i)۔ پڑا شہر میں یک بیک یہ غُل
کہ غائب ہوا تھا سو آیا وہ گل

(ii)۔ خبر یہ ہوئی جب کہ ماں باپ کو
کیا گم اُنھوں نے وہیں آپ کو

(iii)۔ لگے رونے آپس میں زار و نزار
کہا ہائے ہم کو نہیں اعتبار

(iv)۔ لکھیں یارب مَلَک میرا نام بخیر لے جاؤں لحد میں اپنا سلام بخیر

(v)۔ اسلام سے جس نے بےوفائی کی ہے پایا نہیں میں نے اس کا انجام بخیر

**3.** درج ذیل نثر پارے کی تشریح کیجیے۔سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور سیاق وسباق بھی تحریر کریں۔ 10

میرے قبلہ گاہ نے جب وفات پائی۔اور میں اس تخت پر بیٹھا عین عالم شباب کا تھا۔اور سارا یہ ملک روم کا میرے حکم میں تھا۔ اتفاقاً ایک سال کوئی سوداگر بدخشاں ملک سے آیا،اور اسباب تجارت کا بہت سالایا۔خبرداروں نے میرے حضور میں خبر کی کہ ایسا بڑا تاجر آج تک اس شہر میں نہیں آیا۔میں نے اس کو طلب فرمایا۔

**4.** سبق کا خلاصہ لکھیں۔ ماما عظمت **یا** بدنصیب ماں۔ 10

**5.** نظم کا خلاصہ لکھیں۔ عبادتِ صبح **یا** مفلسی 05

**6.** درج ذیل میں سے کسی چار کی تشریح کریں۔ 20

i. ضربِ الامثال ii. استعارہ iii. مجازِ مرسل iv. صنائع v. کنایہ

**7.** اصغری کے کردار پر نوٹ لکھیے۔ 05

**یا**

بندر کا تماشا دیکھنے کے بعد مصنف نے کیا محسوس کیا؟

Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

| Paper Code | 5 | 3 | 7 | 1 |
|---|---|---|---|---|

# اُردُو ادب (معروضی)

وقت:20 منٹ

کل نمبر:15

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے C,B,A یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1-1. عالیہ دس مہینے کے بعد کس شہر سے لوٹی تھی؟

(A) علی گڑھ (B) بنارس (C) حیدرآباد (D) دہلی

2. پریم چند کا اصل نام تھا۔

(A) رام چند (B) گوپی چند (C) دھنپت رائے (D) رگھوپتی

3. میر امّن کی تاریخِ پیدائش تھی۔

(A) 1731ء (B) 1733ء (C) 1735ء (D) 1737ء

4. مجسٹن کے ہاں جب بیٹے کی پیدائش ہوئی تو اس کی عمر تھی۔

(A) ساٹھ سال (B) پینسٹھ سال (C) ستر سال (D) پچھتر سال

5. افسانوں کا مجموعہ ''خیالستان'' کے مصنف کا نام ہے۔

(A) پریم چند (B) سجاد حیدر یلدرم (C) غلام عباس (D) احمد ندیم قاسمی

6. تم نے ۔۔۔۔۔ کو اپنا نام بتایا ہی نہیں۔

(A) انکل (B) خالو (C) چچا (D) ماموں

7. فسانۂ عجائب کس کی تصنیف ہے؟

(A) محمد حسین آزاد (B) نذیر احمد (C) رجب علی بیگ سُرور (D) میر امّن

8. ناول کس زبان کا لفظ ہے؟

(A) انگریزی (B) اطالوی (C) ہندی (D) اُردو

9. احمد شاہ کا ادبی اور قلمی نام کیا تھا؟

(A) احمد قاسمی (B) محمد ندیم (C) احمد ندیم قاسمی (D) محمد شاہ

10. رسالہ ''زمانہ'' کہاں سے نکلتا تھا؟

(A) جون پور (B) رام پور (C) بنارس (D) کانپور

11. ''عبادتِ صبح'' کے شاعر کا نام ہے۔

(A) محسن کاکوروی (B) مولانا ظفر علی خان (C) حفیظ جالندھری (D) احسان دانش

12. نظیر اکبرآبادی نے کتنی عمر پائی؟

(A) 85 سال (B) 88 سال (C) 92 سال (D) 95 سال

13. خواجہ محمد ناصر عندلیب کس شاعر کے والد کا نام تھا؟

(A) میر دردؔ (B) میر تقی میرؔ (C) سوداؔ (D) اِنشاؔ

14. میر تقی میرؔ کی جائے پیدائش ہے۔

(A) دہلی (B) آگرہ (C) رام پور (D) لکھنؤ

15. ذوقؔ کا اصل نام ہے۔

(A) محمد رفیع (B) محمد ابراہیم (C) قلندر بخش (D) محمد احمد

| Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے | (For all sessions) | Subject Code | 5 | 0 | 3 | 7 |
|---|---|---|---|---|---|---|

# اُردُو ادب (انشائیہ)

وقت: 2:10 گھنٹے — کُل نمبر: 60

**2. درج ذیل اشعار کی تشریح کریں۔** — 10

(i)۔ سبزہ ہے کنارِ آبِ جُو پر
یا خضرؔ ہے مستعد وضو پر

(ii)۔ تاثیر کر گئی اُنھیں صحبتِ امام
تھا نزع میں بھی خشک لبوں پہ خُدا کا نام

(iii)۔ لبریز تھے محبتِ حیدر سے دِل کے جام
ذی قدر ، ذی شعور ، دلاور ، خجستہ کام

(iv)۔ صبر کر صبر ہو چکا جو کچھ اے دِل بے قرار ہونا تھا

(v)۔ بجا کہے جسے عالم اُسے بجا سمجھو زبانِ خلق کو نقارۂ خُدا سمجھو

**3. درج ذیل نثر پارے کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور سیاق و سباق بھی تحریر کریں۔** — 10

''مرزا کا خیال رہ رہ کر آتا تھا لیکن میں ہر بار کوشش کر کے اُسے دِل سے ہٹا دیتا تھا۔ ورنہ میں بالکل پاگل ہو جاتا اور جنون کی حالت میں پہلی حرکت مجھ سے یہ سرزد ہوتی کہ مرزا کے مکان کے سامنے، بازار میں ایک جلسہ منعقد کرتا جس میں مرزا کی مکاری، بے ایمانی اور دغا بازی پر ایک طویل تقریر کرتا کل بنی نوعِ انسان اور آئندہ آنے والی نسلوں کی ناپاک فطرت سے آگاہ کر دیتا اور اُس کے بعد ایک چِتا جلا کر اُس میں زندہ جل کر مر جاتا''

**4. سبق کا خلاصہ لکھیں۔** ماما عظمت **یا** جب اور اب — 10

**5. نظم کا خلاصہ لکھیں۔** داستانِ بے نظیر **یا** اسلامی مساوات — 05

**6. درج ذیل میں سے کسی چار کی تشریح کریں۔** — 20

i. صنعتِ تجنیس ii. تشبیہہ iii. کنایہ iv. ردیف v. صنعتِ حُسنِ تعلیل

**7. رستم نے کب اور کیسے پہچانا کہ سُہراب اُس کا بیٹا ہے؟** — 05

**یا**

سبق ''ابتدائی سائنس'' کے مطابق گیس ختم کرنے کیلئے آزمودہ نُسخہ کیا ہے؟

S. S. C. (Part-I)-A-2018

Roll No.________________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

| Paper Code | 5 | 3 | 7 | 1 |
|---|---|---|---|---|

# اُردُو ادب (معروضی)

وقت:20 منٹ

کل نمبر:15

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیئے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جز C,B,A یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

**1-** 1. پریم چند کے افسانوں کی تعداد ہے۔

(A) 250 (B) 275 (C) 300 (D) 315

2. میرامن کی تاریخ پیدائش تھی۔

(A) 1731ء (B) 1733ء (C) 1735ء (D) 1737ء

3. امتحان کے بعد سب لوگ عالیہ کو کس بات کی نصیحت کرتے تھے؟

(A) مزید پڑھنے کی (B) اپنے پاؤں پر کھڑے ہونے کی (C) گھر بیٹھ رہنے کی (D) سیروسیاحت کی

4. خالی جگہ پر کیجیئے ۔لڑکے نے کچھ۔۔۔۔۔۔۔۔کیا۔

(A) تامل (B) اصرار (C) انکار (D) اقرار

5. پریم چند نے کس سن میں وفات پائی؟

(A) 1930ء (B) 1932ء (C) 1934ء (D) 1936ء

6. خالی جگہ پر کیجیئے۔ باپ کی صورت دیکھتے ہی اُسے اپنا۔۔۔۔۔۔۔جلد ہی یاد آجاتا تھا۔

(A) آموختہ (B) سبق (C) نام (D) گھر

7. مجسٹن کے ہاں جب بیٹے کی پیدائش ہوئی تو اسکی عمر کیا تھی؟

(A) 60 سال (B) 65 سال (C) 70 سال (D) 75 سال

8. ماما عظمت محمد کامل کے گھر کتنے عرصے سے رہ رہی تھی؟

(A) 19 سال (B) 21 سال (C) 23 سال (D) 25 سال

9. غلام عباس کی ادبی زندگی کا آغاز کس سن میں ہوا؟

(A) 1925ء (B) 1927ء (C) 1929ء (D) 1931ء

10. آپ کی درسی کتاب میں دیا ہوا سبق ''مرحوم کی یاد میں'' کس کا لکھا ہوا ہے؟

(A) سرسید احمد خان (B) مولانا محمد حسین آزاد (C) پطرس بخاری (D) ڈپٹی نذیر احمد

11. نظم ''رحمتِ دو جہاں'' کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(A) محسن کاکوروی (B) مولانا ظفر علی خاں (C) میر حسن (D) الطاف حسین حالی

12. نظیر اکبر آبادی کہاں پیدا ہوئے؟

(A) لکھنو (B) دہلی (C) آگرہ (D) بنارس

13. دیا گیا شعر کس شاعر کا لکھا ہوا ہے؟ بجا کہے جسے عالم اسے بجا سمجھو زبانِ خلق کو نقارۂ خدا سمجھو

(A) آتش (B) ذوق (C) مومن (D) داغ

14. ''عبادتِ صبح'' کس شاعر کی لکھی ہوئی نظم ہے؟

(A) محسن کاکوری (B) ظفر علی خاں (C) حفیظ جالندھری (D) احسان دانش

15. نظیر اکبر آبادی کا اصل نام کیا تھا؟

(A) نظیر علی (B) علی احمد (C) ولی محمد (D) نصرت علی

Roll No.____________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

# اُردُو ادب (انشائیہ)

وقت: 2:10 گھنٹے   کل نمبر: 60

**2. درج ذیل اشعار کی تشریح کریں۔**   10

(i)۔ کیاری ہر ایک اعتکاف میں ہے
اور آبِ رواں طواف میں ہے

(ii)۔ رستم اُٹھا نہ سکتا تھا سر اُن کے سامنے
پھیکی تھی روشنیِ قمر اُن کے سامنے

(iii)۔ وہی دوست ہے خالقِ دوسرا کا
خلائق سے ہے جس کو رشتہ وِلا کا

(iv)۔ ارض و سما کہاں تیری وسعت کو پا سکے
میرا ہی دل ہے وہ کہ جہاں تُو سما سکے

(v)۔ سُن تو سہی، جہاں میں ہے، ترا فسانہ کیا
کہتی ہے تجھ کو خلقِ خدا غائبانہ کیا

**3. درج ذیل نثر پارے کی بحوالہ سیاق وسباق تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔**   10

''یہ ایک تختے پر ڈوبتا تیرتا بہہ چلا۔ حیاتِ مستعار باقی تھی، ساتویں دن ہرتا پھرتا تختہ کنارے پر لگا۔ کچھ طعمۂ ماہی ہوئے۔ غش سے جو افاقہ ہوا، آنکھیں کھولیں، سر اُٹھایا، تختے کو گھاٹ پر پایا۔ بہر کیف اُتر کچھ گھانس لا، رسی بنا، وہ تختہ کشتیٔ شکستہ پتھر سے اٹکا دیا۔ پھر آپ بہ تلاش آب و دانہ روانہ ہوا۔ تھوڑی مسافت بہ صد آفت طے کی۔ شہرِ عظیم الشان، بہت آبادان نمودار ہوا۔ آہستہ آہستہ بیٹھتا اُٹھتا شہر میں داخل ہوا۔''

**4. درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔**   10

(i). آنگن   (ii). بندر والا۔

**5. درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خُلاصہ تحریر کیجیے۔**   05

(i). مُفلسی   (ii). اسلامی مساوات

**6. درج ذیل میں سے کسی چار عنوانات کی تعریف لکھیے۔**   20

i. تشبیہ   ii. مطلع   iii. حُسنِ تعلیل   iv. مراۃ النظیر   v. کنایہ

**7. سبق ''مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ'' میں مقدمہ باز دوست کی کیا خصوصیات بتائی گئی ہیں؟**   05

**یا**

**پسرِ مجسٹن نے سانپ کو مارنے کے لیے کیا طریقہ اختیار کیا۔**

Roll No.________________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

| Paper Code | 5 | 3 | 7 | 1 |
|---|---|---|---|---|

# اُردُو ادب (معروضی)

وقت:20 منٹ

کل نمبر:15

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیئے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جز A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

**1-** 1. میرزا ادیب کا اصل نام کیا تھا؟

(A) مجاہد علی (B) تہوّر علی (C) دلاور علی (D) منصور علی

2. تانگے سے اُتر کر عالیہ سب سے پہلے کس سے ملی؟

(A) چچی سے (B) کریمن بُوا سے (C) اماں سے (D) چھمی سے

3. احمد شاہ پطرسؔ بُخاری 1898ء میں کس شہر میں پیدا ہوئے؟

(A) لاہور میں (B) راولپنڈی میں (C) بنوں میں (D) پشاور میں

4. خدیجہ مستوؔر کی تاریخ وفات کیا ہے؟

(A) 1978ء (B) 1980ء (C) 1982ء (D) 1984ء

5. افسانوں کا مجموعہ ''خیالستان'' کے مصنف کا نام ہے۔

(A) پریم چند (B) سجاد حیدر یلدرم (C) غُلام عباس (D) احمد ندیم قاسمی

6. خالی جگہ پُر کیجیے۔ایک جگہ سڑک سے ہٹ کر میں نے ایک _____ دیکھا۔

(A) مجمع (B) جلوس (C) ہجوم (D) حادثہ

7. ڈپٹی نذیؔر احمد کی تاریخ پیدائش کیا ہے؟

(A) 1833ء (B) 1835ء (C) 1836ء (D) 1837ء

8. ناول کس زبان کا لفظ ہے؟

(A) انگریزی (B) اطالوی (C) ہندی (D) اُردو

9. خالی جگہ پُر کیجیے۔تم نے _____ کو اپنا نام بتایا ہی نہیں۔

(A) انکل (B) خالو (C) چچا (D) ماموں

10. نجمہ پھوپھی کو سلام کرنے کیلئے کس مضمون میں ایم۔اے کرنے کا کہا گیا ہے؟

(A) انگریزی (B) اُردو (C) عربی (D) فارسی

11. شاعری میں خواجہ میر دردؔ کے کتنے دیوان ہیں؟

(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

12. میر ضاحکؔ کس شاعر کے والد کا نام ہے؟

(A) میر دردؔ (B) میر تقی میرؔ (C) میر انیسؔ (D) میر حسنؔ

13. نظیرؔ اکبر آبادی نے کتنی عمر پائی؟

(A) 85 سال (B) 88 سال (C) 92 سال (D) 95 سال

14. میر تقی میرؔ کی جائے پیدائش ہے۔

(A) دہلی (B) آگرہ (C) رام پور (D) لکھنؤ

15. آتشؔ کس شہر میں پیدا ہوئے؟

(A) فیض آباد (B) لکھنؤ (C) دہلی (D) آگرہ

Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

# اُردو ادب (انشائیہ)

وقت:2:10 گھنٹے

کل نمبر:60

2. درج ذیل اشعار کی تشریح کریں۔ 10

(i)۔ جلتے ہیں جبرئیلؑ کے پَر جس مقام پر۔
اُسکی حقیقتوں کے شناسا تمھیں تو ہو۔

(ii)۔ کیا تم سے کہیں جہاں کو کیسا پایا۔
غفلت ہی میں آدمی کو ڈوبا پایا۔

(iii)۔ آنکھیں تو بے شمار دیکھیں لیکن۔
کم تھیں بخدا جن کو بینا پایا۔

(iv)۔ ہو عمر خضر بھی تو ہو معلوم وقتِ مرگ۔
ہم کیا رہے یہاں ابھی آئے ابھی چلے۔

(v)۔ اُڑتا ہے شوقِ راحت منزل سے اسپِ عُمر۔
مہمیز کہتے ہیں کسے تازیانہ کیا۔

3. درج ذیل نثر پارے کی بحوالہ سیاق وسباق تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10

''میں جلدی سے اُٹھ کر اپنے کمرے میں آیا اور اس وقت ذرا غور سے اُس میز کے سامان کو دیکھا جو میرے لکھنے پڑھنے کے لئے تیار کی گئی تھی۔ میز پر نہایت قیمتی کامدار کپڑا پڑا ہوا تھا جس پر سیاہی کا ایک قطرہ گرانا گناہِ کبیرہ سے کم نہ ہوگا۔ چاندی کی دوات مگر سیاہی دیکھتا ہوں تو سوکھی ہوئی۔ انگریزی قلم نہایت قیمتی اور نایاب مگر اکثر میں نب ندارد۔ جاذب کاغذ ایک مخملی جلد کی کتاب میں، مگر لکھنے کے کاغذ کا پتا نہیں۔ اسی طرح بہت اعلیٰ درجے کا بیش قیمت سامان میز پر تھا مگر اکثر اُس میں سے میرے کام کا نہیں۔''

4. درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 10

(i). مرحوم کی یاد میں (ii). ماما عظمت۔

5. درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خُلاصہ تحریر کیجیے۔ 05

(i). عبادتِ صبح۔ (ii). کربلا کے صف شکن مجاہد۔

6. درج ذیل میں سے کسی چار عنوانات کی تعریف لکھیے۔ 20

i. کنایہ۔ ii. مقطع۔ iii. مجازِ مرسل۔ iv. صنعتِ تجنیس۔ v. استعارہ۔

7. باپ کے مرنے کے بعد ماں سے بیٹوں کا رویہ کیوں تبدیل ہوگیا؟ 05

یا

عشرت خانم اور نُور النساء پر ایک دوسرے کی اصلیّت کا بھانڈا کیسے پھوٹا؟